# " ماڈل پیپر "سوکس"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔I

## حصہ معروضی

وقت: 30 منٹ کل نمبر: 20

تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) علم شہریت فرد کی زندگی کے کون کون سے پہلوؤں کا جائزہ لیتا ہے؟

(الف) معاشرتی پہلو (ب) معاشی پہلو (ج) مذہبی پہلو (د) تینوں میں سے کوئی نہیں

(ii) افلاطون کی وہ کون سی کتاب ہے جس میں مثالی ریاست کا نقشہ کھینچا گیا ہے؟

(الف) دی ری پبلک (ب) پولیٹکس (ج) لیویاتھان (د) کمیونسٹ مینی فسٹو

(iii) بچے کی اولین درسگاہ ہوتی ہے۔

(الف) مدرسہ (ب) مسجد (ج) لائبریری (د) ماں کی گود

(iv) فرد معاشرے کا کب رکن بنتا ہے؟

(الف) بچپن میں (ب) جوانی میں (ج) پیدائش کے بعد (د) بڑھاپے میں

(v) حکومت کتنے شعبوں پر مشتمل ہوتی ہے؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

(vi) امریکہ کی ریاستیں ہیں۔

(الف) 60 (ب) 55 (ج) 50 (د) 45

(vii) ریاست کی ابتداء کا کونسا نظریہ درست قرار دیا جاتا ہے؟

(الف) نظریہ تخلیق ربانی (ب) معاہدہ عمرانی (ج) تاریخی نظریہ (د) نظریہ جبر

(viii) اگر یہ ختم ہو جائے تو ریاست بھی ختم ہو جاتی ہے؟

(الف) حکومت (ب) مقننہ (ج) عدلیہ (د) اقتدار اعلیٰ

(ix) کس کے بنائے ہوئے قوانین میں ردوبدل یا ترمیم کی گنجائش نہیں۔

(الف) مقننہ (ب) عدلیہ (ج) صدر (د) اللہ تعالیٰ

(x) پارلیمانی طرز حکومت میں کس کو بہت اہم حیثیت حاصل ہوتی ہے؟

(الف) صدر (ب) سپیکر (ج) اٹارنی جنرل (د) وزیر اعظم

(xi) کس کا سب سے اہم، بنیادی اور اولین فرض قانون سازی ہے؟

(الف) عدلیہ (ب) انتظامیہ (ج) مقننہ (د) کابینہ

(xii) کس کا قول ہے کہ "میں کسی شخص کو اس کا موقع نہ دوں گا کہ وہ کسی کی حق تلفی کرے"۔

(الف) حضرت ابوبکرؓ (ب) حضرت عمرؓ (ج) حضرت عثمانؓ (د) حضرت علیؓ

(xiii) انگریزی لفظ Law قدیم لفظ Lag سے ماخوذ ہے Lag کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) جرمن (ب) فرانسیسی (ج) یونانی (د) چینی

(xiv) اسلامی قانون کے ماخذوں میں کون سا بنیادی ماخذ ہے؟

(الف) حدیث وسنت (ب) اجماع (ج) قرآن مجید (د) قیاس

(xv) بنیادی طور پر کسی ریاست کی شہریت کے حقوق حاصل کرنے کے کتنے طریقے ہیں؟

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) پانچ

(xvi) اقوام متحدہ وجود میں آیا۔

(الف) 24 اکتوبر 1939 (ب) 24 اکتوبر 1941 (ج) 24 اکتوبر 1945 (د) 24 اکتوبر 1949

(xvii) کس ملک کا آئین غیر تحریری ہے؟

(الف) بھارت (ب) پاکستان (ج) امریکہ (د) برطانیہ

(xviii) پاکستان کے 1973 کے آئین کی تشکیل کس نے کی؟

(الف) ارکان پارلیمنٹ (ب) عدلیہ (ج) انتظامیہ (د) آئینی کمیشن

(xix) پاکستان میں ووٹر کی عمر کتنے سال مقرر کی گئی ہے؟

(الف) پندرہ (ب) سولہ (ج) سترہ (د) اٹھارہ

(xx) کس کا یہ کہنا ہے کہ "سیاسی جماعتوں کا لازمی فرض یہی ہے کہ وہ رائے عامہ منظم کریں"۔

(الف) لاول (ب) لاسکی (ج) ہالینڈ (د) گیٹل

# ماڈل پیپر "سوکس"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔I

### حصہ انشائی

وقت: 2:30 گھنٹے | کل نمبر: 80

نوٹ۔ سوال نمبر 1، 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 25 (پچیس) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔ 25x2=50

## حصہ اول

**سوال نمبر 1- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) علم شہریت علم ہے یا فن۔

(ii) سیاسی معاشیات سے کیا مراد ہے؟

(iii) تاریخ کو علم شہریت کی تجربہ گاہ کیوں کہا جاتا ہے؟

(iv) علم شہریت ایک شہری کے کردار کی تعمیر کیسے کرتا ہے؟

(v) لارڈ برائس نے قوم کی کیا تعریف کی ہے؟

(vi) مشترکہ خاندان سے کیا مراد ہے؟

(vii) علامہ ڈاکٹر محمد اقبال نے اسلامی تصور ملت کی وضاحت کیسے کی ہے؟

(viii) ارسطو نے انسان کو معاشرتی حیوان کیوں کہا ہے؟

(ix) ریاست کا تعارف بیان کیجئے۔

**سوال نمبر 2- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) جان آسٹن نے اقتدار اعلیٰ کی کیا تعریف کی ہے؟

(ii) عوامی اقتدار اعلیٰ کیسے وجود میں آیا؟

(iii) اللہ تعالیٰ کی مطلق العنانیت سے کیا مراد ہے؟

(iv) اقتدار اعلیٰ کا تصور کب اور کس نے دیا؟

(v) حکومت کا مفہوم بیان کریں؟

(vi) خلافت سے کیا مراد ہے؟

(vii) پارلیمانی طرز حکومت کی چار خصوصیات بیان کریں۔

(viii) جمہوریت کی کون کون سی اقسام ہیں؟

(ix) آزادی سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 3۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) قومیت یافتہ شہری سے کیا مراد ہے؟

(ii) حقوق العباد سے کیا مراد ہے؟

(iii) دو قانونی فرائض تحریر کریں۔

(iv) شہری کا موجودہ تصور کیا ہے؟

(v) دستور سے کیا مراد ہے؟

(vi) لچکدار اور غیر لچکدار دستور میں کیا فرق ہے؟

(vii) احتساب وتوازن سے کیا مراد ہے؟

(viii) آسٹن نے دستور کی کیا تعریف کی ہے؟

(ix) رائے عامہ کی تشکیل میں پریس کا کیا کردار ہے؟

سوال نمبر 4۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) اسلامی ریاست میں قانون کیسے تشکیل پاتے ہے؟

(ii) لاسکی نے فلاحی ریاست کی کیا تعریف کی ہے؟

(iii) اسلامی ریاست میں حکومت کے کون سے تین فرائض ہیں؟

(iv) وڈرو ولسن نے قانون کی کیا تعریف کی ہے؟

(v) آزادی اور قانون کے باہمی تعلق کے بارے میں انفرادیت پسندوں کا کیا نظریہ ہے؟

(vi) حکم نامے کیا ہوتے ہیں؟

(vii) بالغ رائے دہی سے کیا مراد ہے؟

(viii) انتخاب کی تعریف کریں۔

(ix) حزب اختلاف کا کیا کردار ہوتا ہے؟

(x) حق ہدایت سے کیا مراد ہے؟

## حصہ دوم

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف تین کے جوابات تحریر کریں۔ 10x3 = 30

سوال نمبر 5۔ علم شہریت کی تعریف کیجئے نیز اسکی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالیئے۔ 10

سوال نمبر 6۔ اسلامی تصور ملت پر تفصیل سے روشنی ڈالیئے۔ 10

سوال نمبر 7۔ پارلیمانی نظام حکومت کی خوبیوں اور خامیوں پر بحث کیجئے۔ 10

سوال نمبر 8۔ آزادی کی تعریف کیجئے نیز آزادی اور قانون کا تعلق واضح کیجئے۔ 10

سوال نمبر 9۔ دستور کی تعریف کیجئے اور اچھے دستور کی خصوصیات کا ذکر کیجئے۔ 10